پندرہ روزہ
الہلال
ٹورانٹو ۔ کینیڈا

قیمت ۵۰ سینٹ

جلد نمبر ۱۲
شمارہ نمبر ۲۳

بیرونِ وطن پاکستانیوں کا ترجمان ۔ شمالی امریکہ میں اردو کا سب سے پہلا اور کثیر الاشاعت اخبار

۵ جمادی الثانی ۱۴۰۵ھ
۲۵ فروری ۱۹۸۵ء

وزراء اور ارکانِ شوریٰ کے خلاف سنگین شکایات

انتخابی ضابطوں کی کھلم کھلا خلاف ورزی اور انتخابی مہم میں سرکاری ذرائع استعمال کرنے کے الزامات


سرکاری عملہ پر بینر پھاڑنے اور کارکنوں کو ہراساں کرنے کا الزام

امیدواروں کے حامی توہین آمیز نعرے لگاتے ہیں: حاجی امیدواروں کی شکایات

وفاقی اور صوبائی وزراء اور مجلس شوریٰ کے ۱۵۲ ارکان انتخاب میں حصہ لے رہے ہیں

پاکستان میں انتخابات کے بائیکاٹ کی خبروں پر پابندی لگا دی گئی

آئندہ چار ماہ فیصلہ کن ثابت ہوں گے: بے نظیر بھٹو



صدر کی باتیں بہت کم درست ثابت ہوئی ہیں!



جماعت اسلامی نے رنگ بدل لیا

ایم آر ڈی کے نئے جنرل سیکرٹری

پیر پگارا اور تالپور کو قتل کی دھمکی

انتخابی شکایات کا طومار



پیپلز پارٹی کے ۵۵ لیڈر قومی اسمبلی کا انتخاب لڑ رہے ہیں ضیاء

آئینی ترامیم کا اعلان انتخابات کے فوراً بعد کر دیا جائے گا


انتخابات میں حصہ لینے والے پیپلز پارٹی کے امیدوار انفرادی طور پر آزاد تصور کئے جاتے ہیں۔

[illegible]

مقبول بٹ کو سزا دینے والے جج کا گھر بم سے اڑا دیا گیا

وزارت دفاع کی عمارت کو بھی آگ لگا دی گئی۔ عدالت اور بس اسٹیشن پر بموں سے حملے

پولیس نے مشتعل کشمیری نوجوانوں پر گولی چلا دی۔ ایک شخص ہلاک



مقبول بٹ شہید

[illegible]



فلیگ اسٹاف ہاؤس حکومت نے خرید لیا

قائد اعظم کی اشیاء نمائش کے لئے رکھی جائیں گی

[illegible]

عوام انتخابات میں حصہ لینے پر میرے تین بھائیوں کو معاف نہیں کریں گے کھر



[illegible]

پاکستان میں ایران کے دشمنوں کو مراعات دی جاتی ہیں

[illegible]

میں ایک بھٹو مرحوم کو اپنا لیڈر تسلیم کرتا ہوں: مولانا کوثر نیازی

گرفتار رہنماؤں کی رہائی کا مطالبہ



[illegible]

ممتاز بھٹو آج راہ کراچی جائیں گے



[illegible]

ممتاز بھٹو کی رہائش گاہ ضبط کر لی گئی

[illegible]

سندھ، سرحد اور بلوچستان میں مزید سیاسی کارکن گرفتار

[illegible]

پیپلز پارٹی سے اخراج

[illegible]

پندرہ روزہ
الہلال
سٹورنٹو کینیڈا

اَلَآ اِنَّ اَوْلِیَآءَ اللّٰهِ لَا خَوْفٌ عَلَیْهِمْ وَلَا هُمْ یَحْزَنُوْنَ ۝

سن لو کہ جو اللہ کے دوست ہیں ان کو نہ کوئی خوف ہوگا اور نہ وہ غمناک ہوں گے (القرآن)

زندہ تحریریں

سید ابوالاعلیٰ مودودیؒ

کوئی خرابی ضرور ہے!

اس ملک میں جتنی بددیانتی اور رشوت خوری اور خیانت ہو رہی ہے اس کے مرتکب ہمارے تعلیم یافتہ لوگ ہیں۔ ملک کے سارے نظام حکومت اور معاشی نظام کو وہی تو چلا رہے ہیں۔ دیہات کے ان پڑھ تو نہیں چلا رہے ہیں اور یہ لوگ ہماری ہی درسگاہوں سے نکلے ہوئے ہیں۔ یہ اس بات کا کھلا ہوا ثبوت ہے کہ کوئی نقص ہمارے نظام تعلیم میں ضرور ایسا ہے جس کی وجہ سے وہ ہمارے اندر اتنی کثیر تعداد میں بددیانت افراد تیار کرتا رہا ہے۔ اگر جائزہ لیا جائے تو صاف طور پر معلوم ہو جائے گا کہ ہمارے نظام تعلیم میں جو نقائص ہیں۔ ان میں سب سے بڑا بنیادی نقص یہ ہے کہ جن ایمانیات اور جن عقائد پر ہماری تہذیب اور ہمارے اخلاق کی ساری بنیاد قائم ہے یہ تعلیم ان کو تقویت پہنچانے کے بجائے انسان کو کمزور کرتی ہے۔ ان میں شک پیدا کر دیتی ہے اور بعض لوگوں کو انکار کے مقام تک پہنچا دیتی ہے۔ بہت ہی کم لوگ ایسے ہیں جو اپنے یقین کی جڑیں ڈھیلی کئے بغیر اس تعلیم سے فارغ ہو کر بخیریت نکل آتے ہوں۔ اب سوچنے کی بات ہے کہ جب خدا اور آخرت اور رسالت [illegible] تعلیم یافتہ لوگوں کی اکثریت کے یقین و اعتقاد کو گھن لگ چکا ہو تو ہمارے پاس اور کون سی چیز ایسی ہے جس کا انحصار دے کر ہم انہیں اخلاق کے اصولوں پر قائم رکھ سکیں؟ جب شخص کو نہ خدا کا خوف ہو نہ کوئی دلا ہو آخرت کی باز پرس کا احساس اس کے لئے خالی ہو [illegible]

[illegible]

مولانا [illegible] کتاب [illegible]

کفر بکنے والوں سے دور رہو

کیا یہ لوگ عزت کی طلب میں ان کے (کافروں کے) پاس جاتے ہیں حالانکہ عزت تو ساری کی ساری اللہ ہی کیلئے ہے۔ اللہ اس کتاب میں پہلے ہی تم کو حکم دے چکا ہے کہ جہاں تم سنو کہ اللہ کی آیات کیخلاف کفر بکا جا رہا ہے اور ان کا مذاق اڑایا جا رہا ہے وہاں نہ بیٹھو جب تک کہ لوگ کسی دوسری بات میں نہ لگ جائیں۔۔۔۔

(سورۃ النساء۔ ۱۳۹۔ ۱۴۰)

القرآن

منافق کون ہے

حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے منافق کی یہ چار خصلتیں بیان فرمائی ہیں:۔ جب اس کے پاس امانت رکھی تو وہ خیانت کرے اور جب گفتگو کرے تو جھوٹ بولے اور جب وعدہ کرے تو پورا نہ کرے اور جب کسی سے اس کا جھگڑا ہو جائے تو گالی پر اتر آئے۔

(بخاری و مسلم)

السنۃ

جو شاخِ نازک پہ آشیانہ بنے گا ناپائدار ہوگا

سید انوار احمد بلگرامی

مغربی سائنسداں کہتے ہیں۔ پروفیسر ... ایک جگہ لکھا ہے کہ ہم مغرب میں جس میں رہتے ہیں آپ کو خود اعتمادی کے عدم، فقدان کے احساس میں گھرا ہوا پاتا ہوں تو بے حد و حساب تشکیک ہوتا ہوں۔ یہاں تک کہ ... حقیقت اور حقائق سے پشیمانی کا رجحان بڑھتا رہا ہے۔ یہ پشیمانی ہم کو کہاں لئے جا رہی ہے؟ ... کی طرف ... کیا ہم در حقیقت اصل طور پر صرف حیوان ہیں؟ ... اعتماد کا ہم کو حقیقی ... سے ... خیالی دنیا میں دھکیل رہا ہے۔ ... سائنس نے ... معلومات ... کی پہچان ... کی کوشش نہیں ... انسان ... فطرت کا منفرد تجربہ (EXPERIMENT) ہے۔ جس کے ذریعے ثابت ہو کہ عقلی شعور ... (REFLEX) سے کہیں بلند و بالا ہے۔ ... علم میں ... اس کائنات میں ... کے مقام کے تعین سے وابستہ ہے۔"

گویا ... انسان کے حقیقی مقام کو نہیں سمجھ پایا ہے۔ اس کی ساری توانائی تسخیر فطرت پر صرف ہو رہی ہے۔ ... تسخیر فطرت ... انسان کو ... فطرت کی توانائیوں کو ...

[illegible]

ظلم و جفا کی ایک داستان

طارق احسان نے وڈرو یونیورسٹی، میڈیسن، یونیورسٹی سے پولیٹیکل سائنس میں ایم۔ اے کیا۔ وہ چاہتا تو اوروں کی طرح یہیں رہ جاتا، ڈالر کماتا۔ مگر وہ وطن کا پکا تھا۔ اس نے ہمیشہ سے وطن و قوم کی خدمت کے خواب دیکھے تھے۔ چنانچہ وہ پاکستان واپس چلا گیا جہاں اس نے قائدِ اعظم یونیورسٹی اسلام آباد میں پڑھانا شروع کر دیا۔ مگر ۱۹۸۱ء میں سرکار نے اسے قید کر لیا۔ یونیورسٹی کے کئی سویلین افسر گروپوں کو بغیر کسی وجہ کے برخواست کر کے ان کی جگہ فوجی افسر گروپوں کو بھرتی کیا جا رہا تھا۔ اس معاملے پر کچھ پروفیسر صاحبان نے احتجاجی میٹنگ، خلاف جس میں احسان بھی شامل تھا۔ پھر اس کے گھر سے مبینہ طور پر کچھ ایسی کتابیں بھی ملیں جو سرکاری نظروں میں تخریبی قسم کی تھیں۔ دیگر شستہ دلوں جناب کلیم صدیقی کی کتاب "پاکستان میں اسلامی انقلاب اور اس کا لائحہ عمل" بھی تخریبی قرار دی گئی ہے)۔

احسان کا ایک پروفیسر دوست بھی پکڑا گیا۔ اس کے پاس سے "جمہوری پاکستان" نامی کتابچے کی کچھ کاپیاں نکلیں۔ اس کتابچہ میں پاکستان میں غیر جانبدارانہ انتخابات کا مطالبہ کیا گیا تھا۔ وہ موٹر سائیکل پر سوار ہو کر اپنے چند دوستوں میں وہ کتابچہ تقسیم کرنے جا رہا تھا۔ موٹر سائیکل طارق احسان کی تھی۔

لاہور شاہی قلعہ کی بدنام زمانہ جیل میں احسان کو داخل کرتے ہوئے فوجی کمانڈر نے ماتحتوں سے کہا کہ پڑھا لکھا آدمی ہے اس کی پٹائی مت کرنا۔ اس قید خانے میں اس پڑھے لکھے آدمی کو پہلے پورے پانچ دن مسلسل جگائے رکھا گیا۔ اس جیل میں اور بعد میں کئی اور جیلوں میں ضیا کے ان قیدیوں سے جھوٹے بیان لکھوانے کے لیے ان پر طرح طرح کے ظلم روا رکھے جاتے ہیں۔ ربڑ کی چھڑی سے مارنا، جلتے ہوئے سگریٹ سے کھال کی لوئیں جلانا، پیچانے کی جگہ سرخ مرچیں گھسیڑنا وغیرہ جیسی بہیمانہ اذیتیں وہاں کا روزمرہ کا مشاہدہ ہیں۔

جس پولیس کے سپاہی نے احسان کو پکڑا، بعد میں اس کی "شاندار" کارکردگی پر وطن پاک کے فوجی ڈکٹیٹر جنرل ضیاء نے اسے تمغہ امتیاز دیا (اسی ڈکٹیٹر نے پچھلے دنوں دشمن اسلام اور مشرقی پاکستان کی علیحدگی میں مذموم کردار ادا کرنے والے ہندی کینچر کو بھی وطن کا سب سے بڑا اعزاز نشان قائد اعظم عنایت کیا)۔

ایک رپورٹ کے مطابق پاکستان میں سیاسی قیدیوں کی تعداد کئی ہزار ہے۔ جن پر کبھی کھلی عدالت میں مقدمہ نہیں چلایا گیا۔ آج کل ہونے والے ناتمام نہاد انتخابات کی بنا پر بھی صرف پچھلے ایک ہفتے میں قید ہونے والوں کی تعداد سولہ سو بتائی جاتی ہے۔

کیا یہ ہزاروں قیدی پاکستان کے غدار ہیں؟ نہیں۔ ان کا جرم صرف اتنا ہے کہ انہیں وطن پاک سے محبت ہے۔ وہ جنرل نیازی کے ان نوے ہزار فوجیوں کی طرح نہیں ہیں جنہوں نے اپنی بے غیرت زندگیوں کو بچانے کے لیے ایک کافر جرنیل کے سامنے پورے فوجی اہتمام کے ساتھ وطنِ عزیز کے آدھے حصے کے عوض شکست مانی تھی۔ آج وہی پیشہ ور فوجی جو پاکستان سے محبت و اقرار کے عہد کا گلا گھونٹنا چاہتے ہیں وہی اصل غدار ہیں!

افسوس کہ اب وطن عزیز کا نام بھی ان ممالک کے ساتھ لیا جاتا ہے جہاں انسانی حقوق کو پامال کیا جاتا ہے۔ جبکہ آج سے کچھ سال پیشتر یہ صورتحال نہیں تھی۔ شہنشاہ ایران کے زوال کے بعد جنوبی ایشیا میں امریکہ بہادر نے اپنے مفاد کی رکھوالی اور بڑھتے ہوئے احیائے اسلام کے اثرات کو روکنے کے لیے جنرل ضیاء کا انتخاب کیا۔ اس کی اسپیشل فورسز کو ایرانی ساواک کے طرز پر ظلم و استبداد کے طریقہ کار سکھلائے گئے۔ مگر جنرل ضیاء کو شاہ کا انجام بھی نہیں بھولنا چاہیئے۔ بے شک خدا کی لاٹھی بے آواز ہے۔

احسان خوش قسمت تھا۔ اس کے امریکی دوستوں نے ایمنسٹی انٹرنیشنل اور حقوق انسانی سے متعلق دوسرے بین الاقوامی اداروں سے رجوع کیا۔ جگہ جگہ وطن عزیز کی بدنامی ہوئی مگر اس کی جان بچ رہی۔ آخر کار تین سال کی صعوبتیں برداشت کرنے کے بعد اسے آزادی تبھی ملی جبکہ اس کے والد نے جیلر کو دس ہزار روپے کی رشوت دی۔ مگر اس کے ہزاروں ساتھی آج بھی زندان مسلسل میں بغیر کسی غیر ملکی دوست اور عزیز و اقارب کے پڑے ہوئے ہیں۔ منتظر۔

سولہ سالہ طارق احسان اب آئیوا کی کارلٹن یونیورسٹی میں پی۔ ایچ۔ ڈی کر رہا ہے۔ بظاہر وہ اب اتنا بیمار نہیں لگتا۔ مگر قید و مشقت کے اندرونی گھاؤ ابھی مندمل نہیں ہوئے۔ وہ اب شاید پی۔ ایچ۔ ڈی کرنے کے بعد پاکستان واپس نہیں جائے گا۔

خواتین

آج جھینگے چینی طریقہ پر پکائیے


اشیاء:

جھینگے آدھا کلو۔ ادرک لہسن پسی ہوئی آدھا چائے کا چمچ ... [illegible]

[illegible]

لیجئے لذیذ چینی جھینگے تیار ہیں۔

(مرسلہ: شفقت محمود ندیم۔ کراچی)



ہم ایس سی فزکس کے ایک طالب علم سے پوچھا گیا، ہارس پاور HORSE POWER سے کیا مراد ہے؟ امیدوار نے جواب دیا، جناب میں فزکس کا طالب علم ہوں یہ سوال کسی زوالوجی والے سے پوچھیں۔

یا تو تمہاری نگاہ سطحی ہو گئی ہے، یا پھر لوگ ہی کچھ زیادہ گہرے ہو گئے ہیں

افسانہ: سرِ حقیقت

تحریر: آسمہ بنت محمد اقدم۔ ناظم آباد کراچی



[illegible]

جیتی جاگتی زندگی — ہمدرد کے قلم سے

حقیقت کی تلاش

[illegible]

والدین کا جبر زندگی کو تباہ کر رہا ہے

[illegible]

اُسے کیسے حاصل کروں؟

[illegible]

ادب و ثقافت

غزل
قتیل شفائی

باقی ہیں جو ورق انہیں سادہ ہی چھوڑ دوں
میں کیوں نہ عاشقی کا ارادہ ہی چھوڑ دوں

ساقی کو ناپسند ہے ذوقِ طلب مرا
جی چاہتا ہے خواہشِ بادہ ہی چھوڑ دوں

لے دے کے دل کسی کا گھر جہاں زنجیر پا بنے
تو ساتھ دے مرا تو وہ جادہ ہی چھوڑ دوں

شامل ہیں جس کے مشورت میں کچھ تار کانچ کے
بہتر تو ہے یہی وہ لبادہ ہی چھوڑ دوں

وارث بنے رقیب تو اپنی متاعِ غم
شاید میں اس کے حق سے زیادہ ہی چھوڑ دوں

وہ چل دیا قتیل مگر سوچتا ہوں میں
اس کے لئے دل اپنا کشادہ ہی چھوڑ دوں

تازہ بہ تازہ

ڈاکٹر وزیر آغا کے انشائیوں کا ترجمہ

ڈاکٹر وزیر آغا کے چند منتخب انشائیوں کا ترجمہ بھارتی ... کتاب ... کے عنوان سے ... شائع ہوئی ہے ... انشائیہ کی تحریک ... ادب میں ...

دلی کا روزنامہ الجمعیت بند ہوگیا

نئی دہلی ( ) بھارت کے مسلم اقلیت کے سب سے پرانے اور معروف اردو اخبار "الجمعیت" دہلی کی اشاعت ۲۹ جنوری سے بند کر دی گئی ہے۔ اخبار کی انتظامیہ نے واضح طور پر اخبار بند کرنے کا ذمہ دار بھارت کی سیکولر حکومت کو قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ بھارت میں مسلم اقلیت کا یہ غریب اخبار اپنی اشاعت جاری نہیں رکھ سکا۔ حکومت ... اخبارات کو کوئی ... دینے کے لئے تیار نہیں۔ اس ملک میں صرف سرمایہ داروں کے اور حکومت کے اپنے اخبارات ہی جاری رہ سکتے ہیں۔

حبیب جالب کی سالگرہ کی تقریب میں حارث خلیق کے خوبصورت تقریر نہیں کرسکتے

کراچی ( ) ... کراچی پریس کلب میں حبیب جالب کی ... سالگرہ کی تقریب ...

نوجوان ادیب متوجہ ہوں

اسلام آباد سے ایک ادبی سیریز کا اجراء کیا جا رہا ہے ... ملک کے نامور ادیب و شاعر ... نوجوان ادیب و شاعر اپنی تحریریں (افسانے، سفرنامے، کہانیاں، انشائیے، نظمیں، غزلیں) ... اسلام آباد کے پتے پر ... رابطہ قائم کریں۔

انشائیہ - اردو ادب میں

"انشائیہ اردو ادب میں" کے نام سے ڈاکٹر ... کی کتاب ... شائع ہوگئی ہے ...

سفیرِ قائد
علی حیدر ملک

عائی جی کا حاصل، لاحاصل ____ الٹی بانی

قلم و قرطاس ... کتاب
ذاکر علی خان کی تصنیف پر ڈاکٹر جمیل جالبی کی تقریظ

"وہ رامپور میں ہوتے اور اُستاد بھی ہوتے تو 'آ بیل مجھے مار' کا ورد کرتے"

فیض صاحب کی دُور اندیشی

ہاضمہ دار چورن اور مٹکا
زیر و زبر
آبو نثر

گلی سے باہر نکلے تو کیا دیکھتے ہیں کہ چوک پر ایک صاحب مجمع لگائے سر پر پگڑ باندھے بغل میں مٹکا سنبھالے ہاتھ میں میگافون لگائے آواز لگا رہے ہیں۔

"ہاضمے دار چورن ..... اپنے مٹکے والے کو یاد رکھئے ..... بیماری کی پڑیا مفت لے جائیے ..... آپ کا بے لوث خادم ..... آپ کے تعاون کا خواہاں مٹکے والا"

قریب پہنچے تو دیکھا کہ ایک اور صاحب ... کھڑے ہیں جس پر مٹکے کی تصویر بنی ہے اور درج ہے کہ

"اپنے باصلاحیت اور باکمال مٹکے والے کو یاد رکھئے" اور وہ بھی میگافون پر "ہاضمہ دار چورن" کی آوازیں لگا لگا کر لوگوں سے خطاب کر رہے ہیں۔ ہم مجمع کو اپنی کہنیوں سے چیر کر درمیان میں پہنچے تو مٹکے والے صاحب نے مسکرا کر ہم سے ہاتھ ملایا اور چورن کی ایک پڑیا جس پر مٹکے کی تصویر چھپی تھی ہمیں تھماتے ہوئے بولے کہ

"مٹکے کو یاد رکھئے"

ہم نے عرض کیا کہ ...

... کی تعریف کرنی چاہئے اور یہ آپ کو کیا سوجھی کہ اپنا چورن مٹکے میں لے کر پھر رہے ہیں؟ یہ سن کر انہوں نے گھبرا کر ادھر اُدھر دیکھا اور اپنے ہونٹوں پر انگلی رکھ کر "شش" کرتے ہوئے ہمارا کان پکڑ کر اپنے منہ تک لے گئے۔

"ارے صاحب! آپ تو "ناواقف" معلوم ہوتے ہیں۔ آپ نے مجھے ٹھیک سے نہیں پہچانا ..... میں ... آپ کے حلقے کا امیدوار ..... باکمال مٹکے والا" ہم نے اپنا کان ان کے منہ سے ہٹا کر انہیں غور سے دیکھا اور ... حیران ہو کر کہا

"تو آپ یہ کیا کر رہے ہیں؟ ... انتخابی مہم چلائیے"

مختصر اشتہارات

مختصر اشتہارات کا معاوضہ: صرف 10 ڈالر ہے جس کی ادائیگی پیشگی ضروری ہے

حضرات جو ذیل رشتوں میں دلچسپی رکھنے والے اشتہار نمبر کے حوالے سے "الہلال" کی معرفت خط لکھیں اور جواب کے لیے اپنا فون نمبر تحریر فرمائیں۔ پتہ ہے:

ADVERTISEMENT NO.......
C/O AL-HILAL
336 HOLLYBERRY TRAIL
NORTH YORK, ONT.
M2H 2P6

***

اشتہار نمبر (۱۲): اسلامی اصولوں کے پابند، اچھی ملازمت پر فائز، نیک اور خوش شکل لڑکے کے لیے، مناسب شکل و صورت کی سلیقہ شعار انگریزی لڑکی کا رشتہ مطلوب ہے۔ عمر اور ذات پات کی کوئی قید نہیں۔ پہلے ہی خط میں مکمل کوائف بھیجیے۔

*

اشتہار نمبر (۱۳): کینیڈا میں اپنے خاندان کے ساتھ مقیم یو۔ پی کے خاندان سے تعلق رکھنے والی ایک ۲۸ سالہ کینیڈین شہری مشرقی مسلم دوشیزہ کے لیے موزوں رشتہ درکار ہے۔ لڑکی کی گو بلو تعلیم و تربیت پر زیادہ توجہ دی گئی ہے۔ اسلامی طرز زندگی پر مکمل طور پر عمل کرنے کی کوشش کرنے والے حضرات کے سرپرست پہلے ہی خط میں مکمل کوائف معہ فوٹو اور حوالہ جات ارسال فرمائیں۔ اسپانسر بھی کیا جا سکتا ہے۔

*

اشتہار نمبر (۱۴): ٹورانٹو میں اپنے لڑکے کے ساتھ رہائش پذیر طلاق یافتہ معمر خاتون کے لیے ۴۵ سے ۵۵ سالہ نیک نفس اور ذمہ دار شخص کا رشتہ مطلوب ہے۔ دلچسپی رکھنے والے اپنے کوائف کے ساتھ خط لکھیں۔

*

اشتہار نمبر (۱۵): ایڈمنٹن (البرٹا) میں مقیم ۳۴ سالہ پاکستانی لڑکے کے لیے کراچی سے تعلق رکھنے والی ۲۴ سے ۳۰ سالہ دراز قد اور کھلتی ہوئی رنگت والی لڑکی کا رشتہ درکار ہے۔ دلچسپی رکھنے والے اپنے فون نمبر کے ساتھ خط لکھیں۔

***

ہندوستان کے شہر حیدر آباد سے تعلق رکھنے والے سنت الجماعت بھائی بہن کے لیے پروفیشنل بیچلر روزگار اور کینیڈا میں امیگرنٹ لڑکے اور لڑکی کے رشتے مطلوب ہیں۔ بھائی ۳۵ سالہ اور ایف۔ ایس سی ہے جس کے لیے ۲۵ سال کی نیک چلن عمر کی لڑکی کا رشتہ چاہیے۔ بہن بی اے ہے جس کی عمر ۲۸ سال ہے۔ صرف خواہش مند حضرات ہی توجہ فرمائیں۔
(416) 498-7137 C/O MR. ALI

نیوزی لینڈ نے تیسرے ٹیسٹ میں پاکستان کو دو وکٹوں سے ہرا دیا

پانچویں روز کا کھیل انتہائی دلچسپ رہا۔ جیریمی کونی کی دوسری ٹیسٹ سنچری

ڈونیڈن (دافر) نیوزی لینڈ نے پاکستان کے خلاف تیسرا اور آخری ٹیسٹ میچ دو وکٹوں سے جیت لیا [illegible] انتہائی دلچسپ [illegible] سنچری [illegible] ناٹ آؤٹ [illegible] دوسری ٹیسٹ سنچری [illegible] نیوزی لینڈ کے کھلاڑیوں [illegible] پاکستانی بولروں کی تمام کوششیں ناکام بنا دیں۔

اسکور بورڈ

پاکستان پہلی اننگز	۲۷۴
نیوزی لینڈ پہلی اننگز	۲۲۰
پاکستان دوسری اننگز	۲۲۳
نیوزی لینڈ دوسری اننگز	

جیف ہاورڈ	ک محسن خان ب اکرم	۱۷
جون رائٹ	ک محسن خان ب حفیظ	۱
ریڈ	ک دلپت ب اکرم	صفر
ایم کرو	ک مدثر ب نواز	۸۴
[illegible]	ایل بی ڈبلیو ب اکرم	صفر
کونی	ناٹ آؤٹ	۱۱۱
ہیڈلی	ب حفیظ	۱۱
اسمتھ	ک جلال الدین ب اکرم	۲
بریسویل	ک نواز ب اکرم	۴
[illegible]	زخمی ہونے پر کھیل ختم	صفر
چیٹ فیلڈ	ناٹ آؤٹ	۳۱
ایکسٹرا		۲۳
میزان	(آٹھ وکٹوں پر)	۲۷۸

بولنگ کا تجزیہ

نام	اوور	میڈن	رنز	وکٹ
حفیظ	۳۲	۹	۸۴	۲
اکرم	۳۴	۱۰	۶۲	۵
راشد خان	۹	۲	۳۳	صفر
نواز	۱۶٫۴	۱	۵۸	۱
مدثر	۹	۲	۲۰	صفر

وہ جھگڑے کے متعلق کچھ نہیں بتاتے۔ بیگم قادر

صحیح صورتحال کے بارے میں کچھ نہیں کہہ سکتا (عمران)

قصوروار نہ ہوا تو واپس بھیجا جائیگا۔ رفیع نسیم

لاہور [illegible] عبدالقادر [illegible] عمران خان [illegible]





[illegible] عبدالقادر [illegible] پاکستان کرکٹ کنٹرول بورڈ [illegible]



[illegible] سرفراز نواز کا [illegible]

جماعت اسلامی اور اللہ والا میں انتخابی اتحاد

کراچی [illegible] جماعت اسلامی کراچی کے ڈپٹی امیر [illegible] اللہ والا سے انتخابی اتحاد قائم کیا ہے [illegible] جماعت اسلامی کو اپنے امیدواروں کی کامیابی کا یقین نہیں رہا۔

رضا قصوری نے ضمانت پر رہا ہونے سے انکار کر دیا

راولپنڈی [illegible] رضا قصوری نے ضمانت پر رہا ہونے سے انکار کر دیا ہے [illegible]

[illegible]

کراچی (اسٹاف رپورٹر) [illegible] بلوچستان [illegible]

بھارت میں شراب تیار کرنے والی کمپنی کی اشتعال انگیزی
شراب کی بوتلوں پر اللہ اور رسول کے نام

[illegible] شراب [illegible] اللہ [illegible] رسول [illegible] حضرت علی [illegible] مسلمانوں کے جذبات [illegible]

خوف کے شکار بچوں کو "غصے" کا مرض لاحق ہو جاتا ہے

[illegible] ماہر نفسیات [illegible] غصہ [illegible]

ٹیسٹ کرکٹ میں نیا عالمی ریکارڈ قائم کر کے بے حد خوشی ہوئی۔ ارشد حسین

[illegible] ٹیسٹ کرکٹ کی تاریخ میں نیا عالمی ریکارڈ قائم کرنے پر مجھے بے حد خوشی ہے [illegible] اللہ تعالیٰ کا شکر [illegible] ٹیسٹ کیریئر [illegible] کرکٹ کا شوق ہوا۔



آپ کے خطوط

ایڈیٹر صاحب، السلام علیکم

"الہلال" کے ۲۵ اکتوبر ۱۹۸۴ء کے شمارے میں ایک اشتہار چھپا تھا جس کی سرخی ہے "کینیڈا اسیونگز بانڈز"۔ یہ اشتہار پڑھنے والوں کو دعوت دے رہا ہے کہ وہ بانڈز خرید کر سودی لین دین میں شامل ہو جائیں۔ یہ دعوت بالکل غیر اسلامی ہے۔

الربوٰا کے لیے قرآن حکیم کے احکامات سخت ہیں۔ جو بڑے جوش کے ساتھ دہرائے گئے ہیں۔ یہاں صرف ایک سورۃ کا نقل کرنا کافی ہوگا:

"مگر جو لوگ سود کھاتے ہیں اُن کا حال اُس شخص کا سا ہوتا ہے جسے شیطان نے چھو کر باؤلا کر دیا ہو۔"
(البقرہ ۔ ۲۷۵)

سود خوروں کے خلاف اللہ تعالیٰ اعلانِ جنگ کرتا ہے:

"۔۔۔ لیکن اگر تم نے ایسا نہ کیا تو آگاہ ہو جاؤ کہ اللہ اور اس کے رسول کی طرف سے تمہارے خلاف اعلانِ جنگ ہے۔"
(البقرہ ۲۷۹)

چونکہ اسلام سماجی اور معاشی مسائل کو بڑی اہمیت دیتا ہے اس لیے سود خوری کو سماجی جرم قرار دیا گیا ہے۔

اس اشتہار کو چھاپ کر آپ نے قرآنی احکامات کو نظر انداز کر دیا ہے اور اُن لوگوں کی صف میں آن کھڑے ہوئے ہیں جو اسلام دشمن ہیں۔ اسلیے اس اشتہار کی اشاعت سے جو آمدنی ہوئی وہ حرام ہے۔ حالات تو ایک انسان کو سود کی ادائیگی پر مجبور کر سکتے ہیں لیکن ایک مومن کو سود خوری پر کون مجبور کر سکتا ہے!

یہ اشتہار حکومت اونٹیریو کی طرف سے تھا۔ لیکن آپ پر کوئی پابندی نہیں تھی کہ اسے چھاپتے۔

انسان غلطی کا پتلا ہے۔ اس غلطی کے اعتراف میں آپ "الہلال" کے آئندہ شمارے میں ایک نوٹ چھاپیں کہ اس اشتہار کی شمولیت غلط تھی۔

امید ہے کہ آپ آئندہ کوئی بھی ایسا اشتہار شائع نہیں کریں گے جو اسلام کے بنیادی اصولوں کے خلاف ہو۔

والسلام
اقبال یونس خان
اسکاربرو

تحفہ قائد اعظم

[illegible] حکومت نے ہزاروں [illegible] قائد اعظم [illegible] پاکستان [illegible] قائد اعظم محمد علی جناح [illegible]

[illegible]
۵۔ [illegible] اسٹریٹ

اخباری بیانات ختم۔ ویڈیو کیسٹ کے ذریعے پیغام پہنچائے جا رہے ہیں

بے نظیر بھٹو، غلام مصطفی جتوئی اور اصغر خان کی تقریروں کے کیسٹوں کی دھوم

کراچی (رپورٹ) پاکستان کے اپوزیشن لیڈر ... اپنے بیانات کی اشاعت سے محروم ... ویڈیو کیسٹ کی طرف ...

مصری حکومت کا ۲ لاکھ اسلامی کتب کو نذر آتش کرنے کا منصوبہ

ان میں امام ابن تیمیہ، امام غزالی، سید مودودی اور سید قطب شہید کی کتابیں شامل ہیں

یہ اقدام بغداد میں ہلاکو کے ڈرامہ کے مترادف ہوگا، سالم عزام

مصری حکمران تاریخ میں باعث شرم ونگ افراد میں شمار کئے جائیں گے

لندن (...) اسلامی کونسل کے سیکرٹری جنرل ... سالم عزام نے کہا ہے ...

حکومت کی طرف سے ... آتش زنی ... اپنی حکومت ... اور گرے ہوئے ... سازش کر رہے ہیں

ڈاکٹر حسن ظفر عارف کی نظر بندی میں توسیع


کراچی (...) کراچی یونیورسٹی ... ڈاکٹر حسن ظفر عارف کی نظر بندی ...

میں ایسا وزیر نہیں جس نے ایم آر ڈی کو منجدھار میں چھوڑ کر وزارت قبول کی ہو

سکھ ہائی جیکروں کا دفاع کرنے کیلئے قانونی ماہرین پاکستان جائینگے

یہ سکھ خالصتان کے بے گناہ شہری ہیں ۔ ڈاکٹر جگجیت سنگھ چوہان

لندن ... خالصتان کی جلاوطن حکومت کے صدر ڈاکٹر جگجیت سنگھ چوہان نے ...



فردوس کالونی میں واقع شناختی کارڈ آفس پر لوگوں کا ہجوم ... (تصویر ...)

روسی فوجی بلوچی زبان سیکھ رہے ہیں

لندن (اے پی) افغانستان میں تعینات روسی فوجی افسر بلوچی زبان سیکھ رہے ہیں ...

سندھ کے ۳ وزراء اور کراچی کے میئر افغانی کے خلاف مقدمات

انتخابی قواعد کی خلاف ورزی پر دیگر ۱۳ امیدواروں کے خلاف ۴۰ مقدمات درج کرلئے گئے



جناب — ہم بھی موجود ہیں — ہمارا بھی خیال رکھئے گا!

چوروں سے اپیل کے مثبت نتائج

پنجاب اور ملک کے دوسرے علاقوں میں ...

چوری کی واردات ... پولیس ...



fortnightly al-Hilal
Vol.13 No.23
February 25, 1985
50 ¢
Ph: (416) 474-9292, 493-4374
338 Hollyberry Trail, Willowdale, Ont. Canada M2H 2P6

نئے سیاسی ڈھانچہ کو سبوتاژ کرنے کی کوشش کامیاب نہیں ہوگی میاں طفیل

تضاد ومل کسی کا بھلا نہیں ہم منتخب اسمبلی میں عوام کے حقوق بہتر طور پر منوا سکیں گے

انتخابات ہوئے تو سترا فیصد اختیارات منتخب نمائندوں کو منتقل ہو جائینگے

بھارت کشمیری عوام کو حق خود ارادیت دے ۔ بھارتی صحافی کو انٹرویو

پاکستان کا آئندہ وزیر اعظم کون ہوگا؟


تالپور، سومرو اور جونیجو کے بعد جمالی بھی میدان میں آگئے

احمد رضا قصوری سمیت ۱۲۵ افراد کو گرفتار کر لیا گیا


قصوری نے ووٹروں کے لئے شناختی کارڈ کی پابندی ختم کرنے پر تنقید کی تھی

انتخابات کا مقصد بحالی جمہوریت نہیں ہے





صوبہ سرحد میں بڑے پیمانے پر سیاستدانوں کی گرفتاریاں



پاکستان کے فوجی افسروں سے بھارتی سفیر کا خطاب

قیدیوں سے معراجی کے گھر داخلے پر پابندی

لاؤڈ اسپیکر نہیں میگا فون



مجھے ٹیلیفون پر قتل کی دھمکیاں دی جارہی ہیں گلزار اثر

بے نظیر انتخابات کے بعد پاکستان آئیں گی سردار ابراہیم